Urdu - 5th Class Urdu Full Book Short Questions

Q1. نبی کریم حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم نئ کس کی تکلیفیں دور کرنے کا حکم دیا.

Ans 1: حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم نے مصیبت زدہ ، معذوروں ، مجبوروں ، بیماروں اور بے چاروں کی تکلیفیں دور کرنے اور ان کی مدد کرنے کا حکم دیا.

Q2. عابد کی بینائی کس وجہ سے چلی گئی تھی.

Ans 1: دو برس کی عمر میں ایک مہلک بیماری کی وجہ سے عابد کی بینائی چلی گئی تھی.

Q3. ہڑپہ کی عورتیں اور مرد کیا کام کرتے تھے.

Ans 1: ہڑپہ کی عورتیں آٹا پیستیں، کپڑا تیار کرتیں اور مویشیوں کی دیکھ بھال کرتی تھیں. جب کہ مردوں کا پیشہ کاشت کاری تجارت اور صنعت کاری تھا.

Q4. شالامار باغ میں موجود فواروں کی تعداد کتنی ہے.

Ans 1: شالامار باغ میں موجود فواروں کی تعداد 410 ہے.

Q5. آس سبق میں حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم کی کون سی خوبیوں کا زکر کیا گیا ہے.

Ans 1: آپ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم رحم دل اور نرم دل تھے حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی عفو و درگزر کا عملی نمونہ تھی. حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم سراپا رحمت تھے. حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم انسانوں ہی نہیں بلکہ جانوروں پر بھی بہت مہربان تھے. حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم دوسروں کا کام بھی کردیا کرتے تھے.

Q6. انسانوں کی ہدایت کے لیے اللہ تعالی نے دنیا میں کس کو بھیجا

Ans 1: انسانوں کی ہدایت کے لیے اللہ تعالی نے حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم کو بھیجا

Q7. کسی بھی ناگہانی صورت حال سے نمٹنے کے لیے سکاوٹ یا گرل گائیڈ کی تربیت حاصل کرنا کیوں ضروری ہے.

Ans 1: اس لیے ضروری ہے کہ ہم ناگہانی صورت حال اور آفت ، حادثہ یا مشکل سے بہتر طریقے سے نمٹ سکیں.

Q8. اللہ تعالی نے یہ حسین دنیا کس کی خاطر تخلیق کی

Ans 1: اللہ تعالی نے یہ حسین دنیا انسان کی خاطر تخلیق کی اور انسانوں کو اشرف المخلوقات بنایا

Q9. مسلسل محنت سے کیا فائدہ حاصل ہوتا ہے.

Ans 1: مسلسل محنت سے کامیابی حاصل ہوتی ہے

Q10. دونوں دوستوں نے کون سا پیشہ اختیار کیا.

Ans 1: دونوں دوستوں نے قصاب کا پیشہ اختیار کیا اور گوشت بیچنے لگے.

Q11. وادی سندھ کی تہذیب کہاں پروان چڑھی.

Ans 1: یہ سندھ تہذیب دریائے سندھ کے کنارے پروان چڑھی

Q12. تندرست اور چاق و چوبند رہنے کے لیے کن باتوں پر عمل کرنا چاہیے.

Ans 1: تندرس اور چاق و چوبند رہنے کے لیے جسمانی صفائی کا خیال رکھنا چاہیے.

Q13. ہڑپہ سے ملنے والی کوئی سی پانچ چیزوں کے نام.

Ans 1: مہریں. مٹی کے بت، کپڑا بننے کی کھڈیاں، ہار، مالائیں ، چوڑیاں

Q14. ایدھی فاونڈیشن کب اور کس نے قائم کی.

Ans 1: ایدھی فاؤنڈیشن 1951 میں عبدالستار ایدھی نے قائم کراچی میں قائم کی.

Q15. قومی ترانہ پہلی بار کب نشر ہوا.

Ans 1: قومی ترانہ پہلی بار 13 اگست 1954 کو ریڈیو پاکستان سے نشر ہوا تھا

Q16. ایک طالب علم کی حیثیت سے ہم انٹرنیٹ سے کیا فائدے حاصل کرسکتے ہیں.

Ans 1: ایک طالب علم کی حیثیت سے ہم انٹرنیٹ کی مدد سے اب گھر بیٹھے تعلیم حاصل کرسکتے ہیں. انٹرنیت کی مدد سے ایک دور دراز علاقے میں بیٹھا ہوا طالب علم بھی اعلی ماہر اساتزہ سے استفادہ حآصل کرسکتے ہیں.

Q17. ایسے جانوروں کے نام بتائیے جن کا ہم دودھ پیتے ، گوشت کھاتے اور ان کی کھال کو بھی استعمال میں لاتے ہیں.

Ans 1: بکری ، گائے، بھینس، اونٹنی اور بھیڑ وغیرہ

Q18. خانساماں ، تندورچی او رہیرے کہاں کام کرتے ہیں.

Ans 1: خانساماں ، تندورچی اور بیرے ہوٹل میں کام کرتے ہیں.

Q19. کسی عمارت کی تعمیر کے لیے کن لوگوں کی ضرورت پیش آتی ہے.

Ans 1: کسی عمارت کی تعمیر کے لیے راج مستری، مزدعر، الیکٹریشن ، پلمبر ، بڑھئی وغیرہ کی ضرورت پیش آتی ہے.

Q20. ماحولیاتی آلودگی کسے کہتے ہیں.

Ans 1: زمینی آلودگی، آبی و فضائی آلودگی کو ماحولیاتی آلودگی کہتے ہیں.